Islamiat Elective - 10th Class Islamiat Elective Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. فی سبیل اللہ کا کیا معنی ہے؟

Ans 1: فی سبیل اللہ سے مارد ہے اللہ کی راہ میں خرچ کرنا یعنی ضرورت سے زیادہ مال ضرورت مندوں پر خرچ کردیا . اگر انسان زکوٰۃ کی ادائیگی کے علاوہ بھی اپنا مال ضرورت مندوں پر خرچ کرتا ہے تو یہ ایک بہت بڑی نیکی شمار کی جاتی ہے.

Q2. غیبت کی تعریف کریں

Ans 1: غیبت کی تعریف یہ ہے کہ کسی کے متعلق بیٹھ پیچھے ایسی بات کرنا جس کو سن کر وہ ناراض ہو خواہ وہ بات درست کیوں نہ ہوا اگر وہ بات غلط ہوگی و اسے بہتان کہا جاے گا اس کا گناہ غیبت سے زیادہ ہے غیبت کرنے کی اجازت نہیں دیتا

Q3. ترجمہ کریں السابلین

Ans 1: سوال کرنے والے نیکی

Q4. نیکی صرف یہ نہیں کہ تم منہ مشرق یا مغرب کو پھیر لو وضاحت کریں

Ans 1: مفہوم: مذکورہ بالا ارشاد باری تعالی کا مطلب یہ ہے کہ محض رسمی طور پر کسی چیز کو مان لینے یا کسی حکم پر عمل کرلینے سے کچھ حاصل نہیں اور نیکی صرف اسی کا نام نہیں کہ مشرق یا مغرب کی طرف منہ کر لیا جاے بلکہ نیکی خلوص کے ساتھ ایمان لانے اور عمل کرنے کا نام ہے

Q5. کس کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا گیا ہے

Ans 1: والدین کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا گیا ہے

Q6. شہادت کے تین اصول لکھیں.

Ans 1: 1. شہادت انصاف پر مبنی ہو. 2. شہادت میں صرف اللہ تعالی کی خوشنودی مطلوبہ ہو. 3. اپنی خواہش اور مرضی کو شہادت میں حائل نہ ہونے دیا جائے.

Q7. فاسق کی خبر کے بارے میں قرآن کا کیا حکم ہے.

Ans 1: قرآن کا حکم ہے کہ اگر کوئی فاسق یا شریر انسان تمہیں کوئی خبر پہنچائے تو اس پر عمل کرنے سے پہلے خوب تحقیق کرلو تاکہ ایسا نہ ہو کہ تم جہالت میں کسی قوم کو تکلیف پہنچاؤ جس پر بعد میں تمہیں پچھتانا پڑے.

Q8. میانہ روی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: فضول خرچی اور کنجوسی کی درمیانی راہ میانہ روی ہے. میانہ روی اختیار کرنے والا شخص کبھی محتاج نہیں ہوتا . کیونکہ وہ میانہ روی سے اپنی زندگی کو اچھی طرح سے گزار سکتا ہے.

Q9. والدین کے دو حقوق بیان کریں.

Ans 1: 1. والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا. 2. والدین کے لیے دعائے مغفرت کرنا.

Q10. نعیم اور جحیم کی وضاحت کریں.

Ans 1: نعیم سے مراد جنت ہے اور جحیم سے مراد دوزخ ہے. یعنی اللہ تعالی نیک لوگوں کو جنت میں داخل کرے گا اور گناہگار لوگوں کو دوزخ میں داخل کرے گا.